نظم 1:

# بحری جہاز

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔ دیوپیکر: بھاری بھرکم جسم والا۔ ۲۔ تیراک: جو اچھی طرح تیرنا جانتا ہو۔ ۳۔ شکار: پرندہ۔

۴۔ ناؤ: چھوٹی کشتی۔ ۵۔ سازوساماں: مال متاع۔ ۶۔ منظر: نظارہ۔

۷۔ سوئمنگ پول: بہت بڑا حوض تیرنے کیلئے بنایا گیا ہو (swimming pool)۔ ۸۔ ڈگمگانا: لڑکھڑانا۔

۹۔ شاہانہ: بادشاہوں جیسی شان والا۔ ۱۰۔ آن بان: شان۔ ۱۱۔ شیر دل: حوصلہ مند۔

II۔ ان الفاظ کے واحد جمع لکھو:

۱۔ موج + امواج ۲۔ وعدہ + وعدے ۳۔ منزل + منازل ۴۔ گھر + گھروں

۵۔ سمندر + سمندروں ۶۔ زمانہ + زمانے ۷۔ مشکل + مشکلات ۸۔ خانہ + خانے

۹۔ دھار + دھاروں

III۔ ان الفاظ کے اضداد لکھو:

۱۔ دوست = دشمن ۲۔ مشرق = مغرب ۳۔ خوبصورت = بدصورت ۴۔ نفرت = محبت

۵۔ غلام = آقا ۶۔ کمزور = طاقتور ۷۔ حوصلہ مند = بزدل ۸۔ پست = بلند

۹۔ وفادار = بے وفا۔

IV۔ ان الفاظ کے مذکر مونث لکھو:

۱۔ جہاز = مذکر ۲۔ ناؤ = مونث ۳۔ شیر دل = مذکر ۴۔ دھار = مونث

۵۔ شہر = مذکر ۶۔ وعدہ = مذکر ۷۔ شاہزادی = مونث ۸۔ منظر = مذکر

۹۔ سمندر = مذکر

V۔ خانہ پری کیجئے:

۱۔ وہ ہے تیراک دھاروں کا۔ ۲۔ شہر کا شہر اس کے اندر ہے۔

۳۔ ڈوب جانے کا سب وعدہ ہے۔ ۴۔ پار کردے گا سب کو وعدہ ہے۔

۵۔ اس کو کہتے ہیں لوگ بحری جہاز۔

VI۔ جوڑ لگائیے:

۱۔ وہ ہے تیراک تیز دھاروں کا ہے بڑا بھائی وہ شکاروں کا

Scanned with CamScanner

۲۔اس کے اندر عجیب منظر
شہر کا شہر اس کے اندر ہے

۳۔ ساز و سامان لے کے چلتا ہے
جب سفر پر کبھی نکلتا ہے

۴۔ ڈوب جانے سے کب وہ ڈرتا ہے
شیر دل کی طرح گزرتا ہے

۵۔ جانتا ہے سمندروں کے راز
اس کو کہتے ہیں لوگ بحری جہاز

VI۔ان الفاظ کو صحیح ترتیب سے لکھو:

۱۔اس کو خوب موجوں سے دوستی

ج۔خوب موجوں سے دوستی اس کی۔

۲۔ ہے کھیل سوئمنگ پول کھیل میدان اس کی

ج۔سوئمنگ پول کھیل میدان ہے۔

۳۔ عجیب ہے اندر کے اس منظر

ج۔اس کے اندر عجیب منظر ہے۔

۴۔شان بھی پھر لئے کیسی ہے چلتا

ج۔ پھر بھی چلتا ہے کیسی شان لئے

۵۔بھی جاتا ڈگمگا سنبھل جاتا ہے

ج۔ ڈگمگا کے سنبھل جاتا ہے۔

VII۔ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کرو:

۱۔ تیراک: مچھلیاں تیراک ہیں۔

۲۔ دھار: چھت سے پانی کی دھار نیچے گر رہی ہے۔

۳۔سفر: سفر میں ہمیشہ وضو کے ساتھ رہنا چاہئے۔

۴۔ جہاز: منگلوروی کی بندرگاہ پر ہم نے ایک بحری جہاز دیکھی۔

۵۔شہر: میسور ایک خوبصورت شہر ہے۔

۶۔ ساز وسامان: بحری جہاز میں ساز و سامان لئے جاتے ہیں۔

۷۔شیر دل: ٹیپو سلطان ایک شیر دل حکمران تھے۔

۸۔سوئمنگ پول: ہمارے شہر میں ایک خوبصورت سوئمنگ پول ہے۔

۹۔شان: ہمارے نبی ﷺ کی شان نرالی ہے۔

۱۰۔ وعدہ: وعدہ کبھی نہ توڑنا۔

VIII۔ان سوالوں کے جواب لکھو:

۱۔ بحری جہاز کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

ج۔بحری جہاز حیدر بیابانی کی لکھی ہوئی نظم ہے۔

۲۔شاعر نے پانی کی جہاز کو کن کن ناموں سے یاد کیا ہے؟

ج۔ شاعر نے پانی کی جہاز کو تیراک، شکاریوں کا بڑا بھائی دیو پیکر، ناؤ اس کی چھوٹی بہن، سمندر کا شاہزادہ اور شیر دل سے یاد کیا ہے۔

۳۔ بحری جہاز کس کام آتی ہے؟

ج۔ بحری جہاز سے ساز و سامان لئے جانا اور سفر کے کام بھی آتی ہے۔

۴۔ بحری جہاز میں کیا کیا چیزیں ہوتی ہیں؟

Scanned with CamScanner

ج۔ بحری جہاز میں سوئمنگ پول، کھیل میدان، ہوٹل، چائے خانہ وغیرہ۔

۵۔ بحری جہاز ڈوبنے سے کیوں نہیں ڈرتا؟

ج۔ بحری جہاز ڈوبنے سے اسلئے نہیں ڈرتا کیونکہ شیر دل کی طرح گزر جاتا ہے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@

## سبق: 1

## دستور ہند

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔ قائد: سردار۔ ۲۔ طرز حکومت: قانون۔ ۳۔ شہری: باشندہ۔

۴۔ دوراندیش: دانا۔ ۵۔ تشکیل: شکل دینا۔ ۶۔ منتخب: انتخاب کرنا۔

۷۔ دستاویز: تحریری شکل میں محفوظ مواد۔ ۸۔ اجلاس: میٹنگ۔ ۹۔ رجحان: میلان۔

۱۰۔ دفعہ: قانون۔ ۱۱۔ فہرست: قانونی تفصیل۔ ۱۲۔ دستور ساز: دستور بنانے والا۔

۱۳۔ استحصال: حاصل کرنا۔ ۱۴۔ چارہ جوئی: فریاد کرنا۔ ۱۵۔ ترمیم: درستی۔

۱۶۔ حب الوطنی: وطن سے محبت۔ ۱۷۔ آفات: مصیبتیں، آفت کی جمع۔ ۱۸۔ وسائل: ذرائع۔

II۔ ان الفاظ کے واحد جمع لکھئے:

۱۔ مجلس + مجالس ۲۔ دلائل + دلیل ۳۔ حقوق + حق ۴۔ مسودہ + مسودات

۵۔ دستاویز + دستاویزات ۶۔ صدور + صدر ۷۔ فرض + فرائض ۸۔ شکل + اشکال

۹۔ حکم + احکام ۱۰۔ رکن + ارکان ۱۱۔ دفعہ + دفعات

III۔ جوڑ لگائیے:

| | |
|---|---|
| ۱۔ دستور ساز مجلس کا پہلا اجلاس | جولائی 1946ء میں دلی میں ہوا۔ |
| ۲۔ دستور ساز مجلس کے صدر | ڈاکٹر راجیندر پرساد۔ |
| ۳۔ دستور ساز مسودہ مجلس کے صدر | ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر۔ |
| ۴۔ 26 جنوری 1946ء | دستور ساز مجلس نے دستور کا مسودہ مکمل کیا۔ |
| ۵۔ 26 جنوری 1950ء | دستور ہند عمل میں آیا۔ |
| ۶۔ دستور ہند دنیا کا سب سے بڑا | تحریری دستور۔ |

IV۔ خانہ پری کیجئے:

Scanned with CamScanner

۱۔ کمہار مٹی کے برتن بناتا ہے۔ ۲۔ موچی جوتے بناتا ہے۔
۳۔ جلاہا کپڑے بنتا ہے۔ ۴۔ بھنگی گندگی صاف کرتا ہے۔
۵۔ تیلی تیل نکالتا ہے۔ ۶۔ لوہار لوہے کے آوزار بناتا ہے۔
۷۔ بڑھئی لکڑی کی اشیا بناتا ہے۔ ۸۔ درزی کپڑے سیتا ہے۔

V۔ مذکر اور مونث لکھو:

۱۔ تشکیل = مذکر ۲۔ مجلس = مونث ۳۔ دستور = مذکر ۴۔ ڈیل = مونث
۵۔ رکن = مذکر ۶۔ طرز = مونث ۷۔ شہری = مذکر ۸۔ شہریت = مونث
۹۔ اختیار = مذکر ۱۰۔ مسودہ = مونث

VI۔ مذکر اور مونث کے مطابق جملے درست کیجئے:

۱۔ امجد اسکول جاتی ہے
ج۔ امجد اسکول جاتا ہے۔

۲۔ ثمینہ گیند پھینکتا ہے
ج۔ ثمینہ گیند پھینکتی ہے۔

۳۔ مرغی بانگ دے رہی ہے
ج۔ مرغا بانگ دے رہا ہے۔

۴۔ زمین سورج کے اطراف گھومتا ہے
ج۔ زمین سورج کے اطراف گھومتی ہے۔

۵۔ بنگلور میں بڑے بڑے عمارتیں ہیں
ج۔ بنگلور میں بڑی بڑی عمارتیں ہیں۔

VII۔ ان سوالوں کے جواب لکھو:

۱۔ ہمارا طرز حکومت کونسا ہے؟
ج۔ ہمارا ہمارا طرز حکومت جمہوریت ہے۔

۲۔ جمہوری طرز حکومت کسے کہتے ہیں؟
ج۔ جمہوریت ایک طرز حکومت ہے جو عوام کی جانب سے اور عوام کے لئے ہوتا ہے

۳۔ دستور کے کیا معنی ہیں؟
ج۔ دستور کے معنی قانون ہیں۔

۴۔ دستور ساز مجلس کے صدر کون تھے؟
ج۔ دستور ساز مجلس کے صدر ڈاکٹر راجیندر پرساد تھے۔

۵۔ دستور ساز مجلس کا پہلا اجلاس کب اور کہاں ہوا؟
ج۔ دستور ساز مجلس کا پہلا اجلاس جولائی 1946ء کو دلی میں ہوا۔

۶۔ مسودہ مجلس کے صدر کون تھے؟

Scanned with CamScanner

ج۔ مسودہ مجلس کے صدر ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر تھے۔

۷۔ دستور ہند کب عمل میں آیا؟

ج۔ دستور ہند 26 جنوری 1950ء کو عمل میں آیا۔

۸۔ دستور ہند کتنے عرصے میں مکمل ہوا؟

ج۔ دستور ہند دو سال گیارہ مہینے اور اٹھارہ دن میں مکمل ہوا۔

۹۔ دستور ہند کے عمل کو دیا گار بنانے کے لئے کیا کیا جاتا ہے؟

ج۔ دستور ہند کے عمل کو دیا گار بنانے کے لئے 26 جنوری کو ہر سال یوم جمہوریہ منایا جاتا ہے۔

۱۰۔ حق تعلیم کیا ہے؟

ج۔ حق تعلیم کے مطابق 6 تا 14 سال کے عمر کے لئے بچہ کا تعلیم حاصل کرنا بنیادی حق ہے۔

VIII۔ ان سوالوں کے جواب تین یا جملوں میں لکھئے:

۱۔ آزادی کے بعد ہمارے قائدین نے کونسا طرز حکومت اپنایا اور کیوں؟

ج۔ آزادی کے بعد ہمارے قائدین نے جمہوری طرز حکومت اختیار کیا۔ اسلئے کہ ہمارے ملک میں مختلف قوموں کے باشندے بستے ہیں۔ جن کی زبانیں مختلف، مذاہب جداگانہ، تہذیب وتمدن الگ، چنانچہ فوری فیصلہ کرنا آسان کام نہیں تھا۔ ہمارے دوراندیش قائدین نے کافی غور وخوض کے بعد جمہوری طرز حکومت اختیار کرلیا۔

۲۔ دستور ہند کی اہم خصوصیات بیان کیجئے؟

ج۔ دستور ہند کی خصوصیات یہ ہے کہ دستور ہند ساری دنیا میں سب سے بڑا تحریری دستور ہے۔ دستور کل 22 حصوں، 395 دفعات 12 فہرستوں پر پھیلا ہوا ہے۔ اس کی تیاری میں دو سال گیارہ مہینے اور اٹھارہ دن لگے۔

۳۔ دستور ہند کن اہم مراحل سے گزرا اور کب مکمل ہوا؟

ج۔ آزادی کے بعد دستور ہند کی ترتیب کے لئے دستور ساز کی تشکیل کی گئی۔ جولائی 1946ء دستور ساز مجلس کا پہلا اجلاس دہلی میں ہوا۔ 26 نومبر 1949ء کو اس مجلس نے دستور کا مسودہ مکمل کیا۔

۴۔ دستور ہند میں کن حقوق کی یقین دہانی کی گئی ہے؟

ج۔ دستور ہند کے حقوق یہ ہیں

1۔ مساوات کا حق۔

2۔ آزادی کا حق۔

3۔ استحصال کے خلاف آواز اٹھانے کا حق۔

Scanned with CamScanner

4۔ مذہبی آزادی کا حق۔

5۔ ثقافتی اور تعلیمی حق۔

6۔ دستور چارہ جوئی کا حق۔

۵۔ دستور ہند میں شامل کسی پانچ فرائض کی نشاندہی کیجئے؟

ج۔ دستور ہند مے شامل پانچ فرائض یہ ہیں کہ:

1۔ اپنے ملک سے حب الوطنی کا جذبہ رکھے۔

2۔ دستور ہند کے اصولوں قومی ترنگے، قومی ترانے اور قومی علامت کی عزت کرلے۔

3۔ عوام کے درمیان بھائی چارگی کا جذبہ پیدا کرے۔

4۔ قومی تہذیب وتمدن اور ادب کی حفاظت کرے۔

5۔ انسانیت کی قدر کرے اور سائنسی رجحان پیدا کرے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@

## نظم :2

## صبح کی آمد

I۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

ا۔ چہچہا: چڑیوں کا خوشی سے ایک ساتھ مل کر نکالنا۔ ۲۔ بھا: دل پسند۔ ۳۔ آمد: آنا۔

۴۔ بہار: رونق۔ ۵۔ اذان: بانگ۔ ۶۔ انجمن: محفل۔ ۷۔ بن: جنگل۔

۸۔ بھٹکنا: راستہ بھولنا۔ ۹۔ غل مچانا: مل جل کر شور مچانا۔ ۱۰۔ پھلانا: پر کھولنا۔

۱۱۔ آنکھ کھولنا: جاگنا۔

II۔ ذومعنی الفاظ لکھو:

ا۔ بہار: رونق۔ بہار: موسم کا نام۔

۲۔ اذان: بانگ۔ اذان: نماز کے لئے مسجد سے موذن کو بلانا۔

III۔ واحد جمع لکھیے:

ا۔ اذان+اذانیں ۲۔ وقت+اوقات ۳۔ مرکب+مرکبات ۴۔ کمل+ کملات

۵۔ پرندہ+پرندے ۶۔ خوشی+خوشیاں ۷۔ گل+گلوں ۸۔ اسم+اسماء

۹۔ منبر+منابر

Scanned with CamScanner

IV۔ ان الفاظ کے متضاد لکھو

۱۔ جاندار = بےجان ۲۔ روشن = تاریک ۳۔ مغرب = مشرق ۴۔ بیدار = غافل

۵۔ خوشی = غمی ۶۔ آسمان = زمین ۷۔ خیر = شر ۸۔ دن = رات

V۔ مذکر مؤنث لکھو

۱۔ مرغ = مذکر ۲۔ صبح = مؤنث ۳۔ سورج = مذکر ۴۔ رونق = مؤنث

۵۔ کام = مذکر ۶۔ خبر = مؤنث ۷۔ پیڑ = مذکر ۸۔ چڑیا = مؤنث

۹۔ نیند = مؤنث ۱۰۔ اذان = مؤنث

VI۔ خالی جگہ پُر کیجیے

۱۔ اذاں پر اذاں مرغ دینے لگا ہے۔ ۲۔ یہ چڑیاں جو پیڑوں پہ ہیں غل مچاتی

۳۔ ہوئی مجھ سے رونق پہاڑ اور بن میں۔ ۴۔ پجاری کو مندر کے میں نے اٹھایا۔

۵۔ بس اب خیر سے اٹھ کے منہ ہاتھ دھو لو۔

VII۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ سے مناسب لفظ چن کر مصرعے مکمل کرو

۱۔ مشرق سے کیا اوپر سب چمکا ہے (نیچے، اوپر)

۲۔ پجاری کو مندر کے میں نے اٹھایا (مسجد، مندر)

۳۔ خبر دن کے آنے کی میں لا رہی ہوں (دوپہر، دن)

۴۔ خدا کو کرو یاد اب منہ سے بولو (چپ، منہ)

VIII۔ جوڑ لگاؤ

۱۔ خبر دن کے آنے کی میں لا رہی ہوں اجالا زمانے میں پھیلا رہی ہوں

۲۔ اذاں پر اذاں مرغ دینے لگا خوشی سے ہر ایک جانور بولتا ہے

۳۔ یہ چڑیاں جو پیڑوں پہ ہیں غل مچاتی ادھر سے ادھر اڑ کے ہیں آتی جاتی

۴۔ ہوئی مجھ سے رونق پہاڑ اور بن میں ہر اک ملک میں دیس میں ہر وطن میں

۵۔ پجاری کو مندر کے میں نے اٹھایا موذن کو مسجد کے میں نے جگایا

۶۔ خدا کو کرو یاد اور منہ سے بولو بس اب خیر سے اٹھ کے منہ ہاتھ دھولو

IX۔ ان سوالوں کے جواب لکھو:

۱۔ صبح کونسی خبر لا رہی ہے؟

Scanned with CamScanner

ج۔ صبح دن کے آنے کی خبر لا رہی ہے۔

۲۔ صبح کی آمد سے زمانے میں کیا پھیل رہا ہے؟

ج۔ صبح کی آمد سے زمانے میں اجالا پھیل رہا ہے۔

۳۔ چڑیاں درختوں پر کیا کر رہی ہیں؟

ج۔ چڑیاں درختوں پر چہچہا رہی ہیں

۴۔ صبح کی آمد سے کس کی رونق بڑھ جاتی ہے؟

ج۔ صبح کی آمد سے پہاڑ اور بن کی رونق بڑھ جاتی ہے۔

۵۔ صبح کس کو راستہ بتلاتی ہے؟

ج۔ صبح بھٹکے مسافر کو راستہ بتلاتی ہے۔

۶۔ سونے والوں کو صبح کیا پیغام دے رہی ہے؟

ج۔ سونے والوں کو صبح پیغام دے رہی ہے کہ اٹھو خدا کو یاد کرو۔

X۔ ان سوالوں کو دو جملوں میں لکھیے:

۱۔ شاعر صبح کی آمد کن الفاظ میں ذکر کیا ہے؟

ج۔ شاعر صبح کی آمد کا دن آنے کی خبر لانے والی اجالا زمانے میں پھیلانے والا مشرق سے بہار دکھلانے والی کے الفاظ سے ذکر کیا ہے۔

۲۔ مرغ اور دوسرے پرندے پر صبح کی آمد کا کیا اثر پڑ رہا ہے؟

ج۔ صبح کی آمد سے مرغ اذان دیتی ہیں جانور خوشی سے لولتا ہے پیڑ پر چڑیاں چہچہاتی اور غل مچاتی ہوئی ادھر ادھر آتی جاتی ہیں۔

۳۔ صبح کی آمد کا اثر کہاں کہاں دکھائی دیتا ہے؟

ج۔ صبح کی آمد کا اثر پہاڑ ور جنگل میں ہوتا ہے پردیس ملک، وطن میں صبح کو ہوتی ہے تو چمن میں پھول کھلتے ہیں۔

۴۔ نظم صبح کی آمد سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟

ج۔ صبح کی آمد نظم سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ صبح کی آمد سے اللہ کی ساری مخلوق اللہ کو یاد کرتی اور اللہ کا ذکر کرنے لگتی ہے۔ ہم کو بھی بستر وں کو چھوڑ کر اللہ کو یاد کرنا اور اللہ کا ذکر کرنا چاہیے۔

XI۔ صحیح ترتیب سے مصرعے درست کیجئے:

۱۔ آ رہی ہوں سونے میں والوں اٹھو کہ

ج۔ اٹھو سونے والوں کہ میں آ رہی ہوں۔

۲۔ ہو ہوا سہانا ٹھنڈی وقت اور ہے

ج۔ سہانا ہے وقت اور ٹھنڈی ہوا ہے۔

۳۔ بن میں رونق مجھ پہاڑ سے ہوئی اور

ج۔ ہوئی مجھ سے رونق پہاڑ اور بن میں

۴۔ مسجد کو جگایا موذن کے میں نے

ج۔ موذن کو مسجد کے میں نے جگایا

۵۔ یاد خدا منہ بولو سے کو کرو اور

ج۔ خدا کو یاد کرو اور منہ سے بولو

XII۔ انگریزی جملوں کو اردو میں ترجمہ کرو۔

Scanned with CamScanner

۱۔ We are indians

ج۔ ہم ہندوستانی ہیں۔

۲۔ Urdu is our language

ج۔ اردو ہماری مادری زبان ہے۔

۳۔ Tricolour is our national flag

ج۔ ہمارا قومی جھنڈا ترنگا ہے۔

۴۔ Tiger is our national animal

ج۔ شیر ہمارا قومی جانور ہے۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

Scanned with CamScanner